بینک دولت پاکستان

شعبہ زرعی قرضہ اور مائیکرو فنانس

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

اے سی ایم ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 1 برائے 2019ء   06 مارچ 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام مائیکرو فنانس بینک

محترم / محترمہ،

<u>افغان مہاجرین کا مائیکرو فنانس بینکوں میں اکاؤنٹ کھولنے کے لیے 'پروف آف رجسٹریشن' کارڈ (پی او آر) بطور شناختی دستاویز تسلیم کرنے کی اجازت</u>

براہِ کرم انسدادِ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام (اے ایم ایل / سی ایف ٹی) کے نظرثانی شدہ ضوابط برائے مائیکرو فنانس بینک (ایم ایف بیز) ملاحظہ فرمائیے، جنھیں اے سی ایم ایف ڈی سرکلر نمبر 2 بتاریخ 5 اکتوبر 2018ء کو جاری کیا گیا تھا۔

2۔ نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی جانب سے مطلع کیا گیا ہے کہ پی او آر کارڈز کے حامل افغان مہاجرین کے بینک اکاؤنٹس کھولنے کی غرض سے اس کی بایو میٹرک توثیقی خدمت (Bio-Verisys) 26 فروری 2019ء سے فعال ہے، جو کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کے تصدیقی نظام کے موجودہ لنک پر ہی قائم ہے۔ پی او آر کارڈز کے حامل افغان مہاجرین کے لیے Bio-Verisys اسی طرح کام کرے گا جیسے سی این آئی سی کے حامل افراد کی بایو میٹرک تصدیق کے لیے کرتا ہے۔

3۔ چنانچہ، مائیکرو فنانس بینک افغان مہاجرین کے نادرا کی طرف سے جاری کردہ پی او آر کارڈز کو اکاؤنٹس کھولنے کی غرض سے قابلِ قبول شناختی دستاویز کے طور پر قبول کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں مائیکرو فنانس بینک نادرا کی بایو میٹرک توثیقی خدمت کے ذریعے پی او آر کارڈز حاصل کرنے والے افغان مہاجرین کی شناخت کی توثیق کریں گے تاکہ وہ اکاؤنٹس کھول سکیں۔

4۔ مزید برآں، مائیکرو فنانس بینکوں کی جانب سے اپنے کھاتہ داروں کو فراہم کی جانے والی ان خدمات کے لیے جن میں اے ایم ایل / سی ایف ٹی ضوابط برائے مائیکرو فنانس بینک کے تحت شناختی کارڈ اور بایو میٹرک توثیق درکار ہوتی ہے، بایو میٹرک توثیق شدہ پی او آر کارڈ کو بطور شناختی دستاویز قبول کیا جائے گا۔

5۔ تاہم مائیکروفنانس بینکوں کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات کے مطابق اکاؤنٹ کھولنے کے لیے تمام متعلقہ قانونی اور ضوابطی تقاضوں بشمول اے ایم ایل / سی ایف ٹی جیسے روک تھام کے اقدامات کی تعمیل یقینی بنائیں۔

6۔ مذکورہ موضوع پر دیگر ہدایات بغیر کسی تبدیلی کے برقرار رہیں گی۔

آپ کا مخلص،

(محمد عمادالدین)
ایڈیشنل ڈائریکٹر